25.07.2024

21.15 Hrs

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

........................................................................

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں مرکزی بجٹ 2024-25 پر بحث ہوئی۔ یہ بحث کل بھی جاری رہے گی۔

☆ بھارت نے کناڈا سے کہا ہے کہ وہ اپنے ملک میں سرگرم بھارت مخالف عناصر کے خلاف کارروائی کرے۔

☆ حکومت نے ملک بھر میں 25 ہزار نوجوانوں کو تعلیم اور ہنرمندی کے مواقع فراہم کرنے کیلئے 'ماڈل اسکل لون اسکیم' کا آغاز کیا۔

☆ گجرات، مہاراشٹر، کونکن اور گوا میں موسلا دھار بارش سے معمول کی زندگی متاثر ہے۔

☆ اور...... پیرس اولمپکس میں بھارت کے مردوں اور خواتین کی تیر اندازی ٹیموں نے کوارٹر فائنل میں اپنی جگہ بنالی ہے۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### RS Budget Discussion

راجیہ سبھا میں آج مرکزی بجٹ 2024-25 اور مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں کشمیر کے بجٹ 2024-25 پر دوبارہ بحث شروع ہوئی۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے کانگریس کے رندیپ سنگھ سرجے والا نے کسانوں، غریبوں اور بے رزگاری کے مسائل کو اٹھایا۔ انھوں نے کہا کہ بجٹ میں کسانوں کے قرضے معاف کرنے کا کوئی بندوبست نہیں کیا گیا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت کسانوں کو اناج پر مناسب کم از کم امدادی قیمت MSP فراہم نہیں کر رہی ہے۔ عام آدمی پارٹی کے راگھو چڈھا نے الزام لگایا کہ اِس بجٹ کے ذریعے حکومت نے سماج کے تمام طبقوں کو ناراض کیا ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ عام آدمی پر ٹیکس کا بوجھ بڑھ گیا ہے اور دیہی آمدنی کی نمو ایک دہائی کی کم ترین سطح پر ہے۔ انھوں نے مہنگائی اور بے روزگاری کے مسائل بھی اٹھائے۔ RJD کے سنجے یادو نے اِس بجٹ کو عوام مخالف قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ بجٹ روزگار اور روزگار سے متعلق اعداد و شمار پر خاموش ہے۔ جناب یادو نے دعویٰ کیا کہ دنیا کی پانچویں بڑی معیشت ہونے کے باوجود بھارت، فی کس آمدنی کے لحاظ سے 197 ملکوں میں 142 ویں مقام پر ہے۔ بعد میں راجیہ سبھا میں خصوصی تذکرے ہوئے، جس میں ارکان نے عوامی اہمیت کے حامل متعدد مسائل

اٹھائے، اس کے بعد ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

## RS Judges

حکومت نے آج کہا کہ پچھلے 10 سال کے دوران ہائی کورٹس کے ججوں کی تعداد 906 سے بڑھ کر ایک ہزار 114 ہوگئی ہے۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس کے ججوں کی تقرری، بھارت کے آئین کے تحت کی جاتی ہے، جس کی رُو سے کسی بھی ذات یا طبقے کے لوگوں کیلئے کوئی ریزرویشن نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ ججوں کی حیثیت سے صرف اُن افراد کی تقرری کی جاتی ہے، جن کی سفارش سپریم کورٹ Collegium کرتا ہے۔

## RS Nuclear

حکومت نے کہا ہے کہ 15 ہزار 300 میگاواٹ کی کُل صلاحیت کے حامل 21 نیوکلیئر ریٖکٹرس عملدر آمد کے مختلف مراحل میں ہیں۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں وزیر اعظم کے دفتر کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ ملک میں جوہری توانائی کی موجودہ صلاحیت 8 ہزار 180 میگاواٹ ہے، جس میں 24 نیوکلیئر پاور ریٖکٹرس شامل ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جوہری توانائی کی موجودہ صلاحیت سال 32-2031 بڑھ کر 22 ہزار 480 میگاواٹ تک پہنچ جائے گی۔

## RS-Visa

امورِ خارجہ کے وزیر مملکت کرتی وردھن نے آج راجیہ سبھا کو بتایا کہ بھارتی پاسپورٹ کے حامل افراد کو 16 ممالک مفت ویزا، مفت داخلہ کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔اپنے تحریری جواب میں وزیر مملکت نے بتایا کہ بھارتی پاسپورٹ رکھنے والوں کو 40 ممالک آمد پر ویزا کی سہولت فراہم کرتے ہیں جبکہ 47 ممالک ای-ویزا کی سہولت دیتے ہیں۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ مرکز، بھارتیوں کے دنیا بھر میں سفر کیلئے آسانی پیدا کرنے کی خاطر بغیر ویزا کے داخلہ دینے والے، آمد پر ویزا فراہم کرنے والے اور ای-ویزا دینے والے ممالک کے ساتھ لگاتار کوششیں کر رہا ہے۔ جناب وردھن نے کہا کہ غیر ملکیوں کو ملک میں بغیر ویزا کے داخلہ دینا، ہر ملک کا خود مختار معاملہ ہے۔

## LS Adjournment

برسراقتدار اور اپوزیشن کے بینچ ممبران کے درمیان شدید بحث کے پیش نظر آج لوک سبھا کی کارروائی دو مرتبہ ملتوی کی گئی۔ آج صبح جب لوک سبھا میں مرکزی بجٹ سے متعلق بحث پھر سے شروع ہوئی تو کانگریس کے چرنجیت سنگھ چنّی نے الزام لگایا کہ اس بجٹ نے لوگوں کو مایوس کیا ہے۔ انھوں نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے مجسّمے کی منتقلی پر سوال اٹھایا۔ ایوان میں جناب چنّی کی جانب سے کچھ تبصروں پر کانگریس اور برسراقتدار پارٹی کے ارکان پارلیمنٹ کے درمیان شدید بحث ہوئی۔ ایوانِ زیریں میں مرکزی بجٹ پر بحث ابھی جاری ہے۔x

## LS Postal

حکومت نے پوسٹ آفس نیٹ ورک کے ذریعے برآمدات کو فروغ دینے کیلئے ملک بھر میں ایک ہزار 13 پوسٹ آفس درآمداتی مراکز قائم کیے ہیں۔ یہ بات آج لوک سبھا میں مواصلات اور دیہی ترقیات کے وزیر مملکت ڈاکٹر Pemmasani چندر شیکھر نے ایک تحریری جواب میں کہی۔ انھوں نے کہا کہ یہ مراکز سرحد پار ای-کامرس کی سہولت فراہم کرتے ہیں اور کاریگروں، بُنکروں، دستکاروں اور بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں کو برآمد کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِن مراکز کے ذریعے مختلف قسم کی اشیاء اور مصنوعات برآمد کی جاتی ہیں، جن میں قیمتی پتھر، نقلی زیورات، کپڑے اور ملبوسات، چمڑے کی مصنوعات، دستکاری مصنوعات اور صارفین کی دیگر مصنوعات شامل ہیں۔ x

## LS Airforce

شہری ہوا بازی کے وزیر کنجا راپو رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ وزارت کے پاس موجودہ ہوائی کرایوں میں مداخلت کرنے سے متعلق کوئی تجویز نہیں ہے۔

انھوں نے کہا کہ حکومت، ایئر لائنز کے طے کردہ ہوائی کرایوں کو کنٹرول نہیں کرتی، چاہے وہ ایئر لائن بھارتی ہو یا غیرملکی۔

ہوائی کرایوں میں بے تحاشہ اضافے سے متعلق پوچھے گئے سوال کا لوک سبھا میں جواب دیتے ہوئے آج جناب نائیڈو نے یہ جانکاری دی۔ انھوں نے بتایا کہ ایئرلائنز، ہوائی کرایوں کے تعین میں بازار کی رَوِش پر مبنی طریقہ کار اپناتی ہیں۔ جناب نائیڈو نے مزید کہا کہ ہوائی کرایوں کو عام آدمی کیلئے قابل دسترس بنانا اُن کا عزم تھا۔x

## LS Udyam

بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانی درجے کی صنعتوں کے وزیر جیتن رام مانجھی نے آج لوک سبھا کو بتایا کہ ایک جولائی 2020 سے اُدیم پورٹل پر 18 کروڑ سے زیادہ ملازمتوں والی 2 کروڑ 77 لاکھ سے زیادہ کمپنیوں نے خود کو رجسٹرڈ کروایا ہے۔

اپنے تحریری جواب میں جناب مانجھی نے بتایا کہ اِسی مدت کے دوران پورٹل پر مختلف وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے 3 لاکھ سے زیادہ روزگار فراہم کرنے والی 49 ہزار سے زیادہ کمپنیوں نے خود کو ڈی-رجسٹر کردیا یا بند دکھایا ہے۔x

## Mead India Canada

بھارت نے کینیڈا سے کہا ہے کہ وہ کینیڈا میں بھارت مخالف عناصر کے خلاف کارروائی کرے۔ کینیڈا میں سوشل میڈیا پر وزیر اعظم Justin Trudeau کو مارنے کی دھمکی دینے والے دو افراد کو گرفتار کرنے والی رپورٹس پر میڈیا کے ایک سوال پر وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ جب بھارتی رہنماؤں اور سفیروں کو اس

طرح کی دھمکی دی جاتی ہے تو اس طرح کی کارروائی نہیں کی جاتی اور وزارت نے یہ رپورٹس دیکھی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جب کوئی جمہوریت اظہارِ رائے کی آزادی اور قانون کے اصولوں پرعمل درآمدگی اور اقدامات کرنے، دو الگ الگ نظریات اپنائی ہے تو اس کے دوہرے معیار کا پتہ چلتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، کینیڈا سے یہ امید کرتا ہے کہ وہ بھارت مخالف عناصر کے خلاف کارروائی کرے جو بار بار بھارتی رہنماؤں، اداروں، ایئرلائنز اور سفیروں کو تشدد کے زور پر دھمکا رہے ہیں۔x

## Jaishankar Laos Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر Vientiane کے تین روزہ دورے پر آج Laos پہنچے ہیں۔ وہ اس دورے کے دوران ASEAN یونین کے تحت ہونے والی وزرائے خارجہ کی میٹنگوں میں شرکت کریں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ جیسا کہ بھارت ایک ایسٹ پالیسی کی ایک دہائی مکمل ہونے کا جشن منا رہا ہے، وہ بھارت اور ASEAN کے درمیان تعلقات کے مزید گہرا ہونے کے منتظر ہیں۔

ڈاکٹر جے شنکر Vientiane میں ASEAN سے متعلق میٹنگوں سے الگ دیگر ممالک کے اپنے ہم منصب رہنماؤں کے ساتھ بھی دو طرفہ میٹنگز کرنے کے منتظر ہیں۔x

## Jayant Model Skill Loan

ہنرمندی کے فروغ Entrepreneurship کے وزیرمملکت جینت چودھری نے آج نئی دلّی میں Model Skill Loan Scheme کا آغاز کیا۔ اس اسکیم کا مقصد ملک کی مستقبل کیلئے تیار افرادی قوت کو بااختیار بنانا ہے۔ اسکیم کے تحت ملک بھر میں 25 ہزار نوجوانوں کوتعلیم اور ہنرمندی کو بڑھانے کے مواقع فراہم ہوں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب چودھری نے کہا کہ اس نئی اسکیم کے تحت، قرض کی رقم کی حد میں ایک اعشاریہ پانچ لاکھ روپے سے سات اعشاریہ پانچ لاکھ روپے تک بڑھا دیا گیا ہے۔

S/B Jayant Chaudhary

## SC Lok Adalat

سپریم کورٹ کے جج جسٹس سنجے کھنّہ نے کہا ہے کہ لوک عدالتیں یا عوامی عدالتیں تنازعات کے حل کے ہمارے متبادل طریقۂ کار کیلئے ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ لوک عدالتیں روایتی کورٹ روم سے باہر تنازعات کوحل کرنے میں کلیدی رول ادا کرتی ہیں۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں جسٹس کھنّہ نے اِس مہینے کی 29 تاریخ سے اگلے مہینے کی 3 تاریخ تک ہونے والی آئندہ خصوصی لوک عدالت میں حصہ لینے کیلئے درخواست گزاروں کی حوصلہ افزائی کی۔ انھوں نے مزید کہا کہ سپریم کورٹ کے ذریعے منعقد ہونے والی خصوصی لوک عدالت میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے دور دراز سے شرکت کرنے کیلئے بھی لوگوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ انھوں نے اِس بات پر زور دیا کہ یہ اقدام سب کیلئے انصاف کو یقینی بنانے کے سپریم کورٹ کے عزم سے ہم آہنگ ہے۔ x

## Govt Fast Track Court

حکومت نے کہا ہے کہ ملک بھر کی 30 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں 410 خصوصی POCSO عدالتوں سمیت 755 فاسٹ ٹریک خصوصی عدالتیں کام کر رہی ہیں۔ یہ بات، قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے آج راجیہ سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں کہی۔ انھوں نے کہا کہ حکومت جنسی جرائم سے بچوں کے تحفظ (POCSO) ایکٹ سے متعلق زیر التوا معاملات کی جلد سماعت اور اِسے نمٹانے کیلئے فاسٹ ٹریک خصوصی عدالتوں کے قیام کیلئے مرکزی امداد یافتہ اسکیم پر عملدر آمد کر رہی ہے۔ جناب میگھوال نے کہا کہ اِس اسکیم کو ابتدائی طور پر ایک سال کیلئے لاگو کیا گیا تھا، جسے اب بڑھاکر 31 مارچ 2026 تک کر دیا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اِن خصوصی عدالتوں نے اب تک دو لاکھ 53 ہزار سے زیادہ معاملات کو نمٹایا ہے۔ x

## President Students Interaction

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج اپنے عہدے کے دو سال مکمل ہونے کے موقع پر پریسیڈینٹ اسٹیٹ میں ڈاکٹر راجیندر پرساد کیندریہ ودیالیہ کی 9 ویں جماعت کے طلباء کو پڑھایا۔ طلباء کے ساتھ اپنی بات چیت کے دوران محترمہ مرمو نے آج دنیا کو درپیش مختلف مسائل پر تبادلۂ خیال کیا۔ آب و ہوا کی تبدیلی اور عالمی حرارت سے درپیش سخت چیلنجوں پر بات کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے طلبا سے کہا کہ وہ ماحولیات کا تحفظ کرنے کیلئے تین-آر Reduce، Reuse اور recycle یعنی کم کریں، دوبارہ استعمال کریں اور ری سائیکل کے اصول پر عمل کریں۔

صدر جمہوریہ نے طلباء سے یہ بھی کہا کہ وہ لوگوں کو اِن مسائل کے بارے میں آگاہ کریں اور اِس دنیا کو ایک بہتر جگہ بنانے کیلئے اپنا تعاون دیں۔ x

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے چند دنوں میں ملک کے مغربی اور وسطی حصوں میں شدید سے بہت شدید بارش ہوگی۔ محکمہ نے کہا کہ کل تک گجرات، کونکن، گوا اور مہاراشٹر میں شدید بارش جاری رہے گی اور اس کے بعد بھی شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ کل تک کرناٹک اور اڈیشہ کے دور دراز کے مقامات پر بھی بے حد شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے دلّی میں اس ماہ 28 تاریخ تک عام طور پر مطلع ابر آلود رہنے اور درمیانی درجے کی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔x

## Gujarat Rain with VC

گجرات کو شدید بارش سے کچھ راحت ملی ہے۔ سیلاب سے متاثرہ سوراشٹر اور گجرات خطوں میں بارش کا تناسب نسبتاً کم ہوگیا ہے، تاہم کئی مقامات پر پانی بھرجانے سے معمولاتِ زندگی متاثر رہے۔

مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے............

VC Aparna Khunt

کچھ اور سوراشٹر اور جنوبی گجرات خطوں کے بعد وسطی گجرات اور شمالی گجرات میں آج موسلادھار بارش ہوئی۔ گجرات میں شدید بارش کے بعد 40 ڈیمس لبریز ہوچکے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ ضلعوں کے نشیبی علاقوں سے NDRF کی ٹیموں نے متاثرہ افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا اور سورت، پوربندر اور وڈودرہ ضلعوں میں آج سیلاب کے پانی میں پھنسے افراد کو بھی بچایا۔ گجرات میں پورنا، وِشوامتری اور دمن گنگا سمیت کئی ندیاں خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہیں۔ راحت کمشنر آلوک کمار پانڈے نے بتایا کہ بارش سے متعلق حادثات کے دوران گجرات میں پچھلے 24 گھنٹوں میں ہوئی دو اموات کے بعد مرنے والوں کی مجموعی تعداد 63 ہوگئی ہے۔

احمدآباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Maha Rain

مہاراشٹر میں بالخصوص ممبئی، پونے، تھانے، رائے گڑھ، پال گھر، کولہاپور اور سانگلی میں جاری موسلادھار بارش کی وجہ سے ندیاں اور ڈیمس لبریز ہوچکے ہیں، جس کے نتیجے میں ڈیم کے دروازے کھولنا پڑے۔ اس کے نتیجے میں کئی نشیبی علاقوں اور ڈیم کے قریب علاقوں میں سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

بھارتی محکمہ موسمیات نے کل صبح تک ممبئی، پونے، تھانے، پال گھر، رائے گڑھ اور ستارا میں انتہائی شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ رائے گڑھ، رتناگری اور ستارا کیلئے کل بھی ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ مہاراشٹر میں جاری موسلادھار بارش کی وجہ سے کئی ضلعوں میں روزمرّہ کی زندگی شدید طور پر متاثر ہوئی ہے۔ ریاست کے کئی ضلعوں میں اسکولوں نے آج اور کل کیلئے چھٹی کا اعلان کیا ہے۔ پونے ضلع میں بارش سے متعلق حادثات میں کل سے اب تک 4 لوگوں کی موت ہوگئی اور 12 افراد زخمی ہوگئے۔ پونے شہر کے ایکتانگر میں فوج اور NDRF نے بچاؤ آپریشن انجام دیا۔ ممبئی اور پونے کے درمیان چلنے والی کئی ٹرینوں کو آج اور کل کیلئے منسوخ کردیا گیا۔

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ شدید ضروری ہو تو ہی گھروں سے باہر نکلیں۔

ممبئی سے شیلجا ٹِوالے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Rev Olympics Archery

بھارت نے پیرس اولمپکس کی افتتاحی تقریب سے ایک روز قبل آج اپنی مہم کا شاندار آغاز کیا۔ ٹیموں کی درجہ بندی میں بھارت کے مردوں کی تیر اندازی ٹیم نے تیسرا مقام جبکہ خواتین کی تیر اندازی ٹیم نے چوتھا مقام حاصل کرلیا ہے۔ اِس طرح سے دونوں ہی ٹیموں نے کوارٹر فائنل مرحلے کیلئے اپنی جگہ پکّی کرلی ہے۔ بھارت کے مردوں کی تیر اندازی ٹیم نے 2013 پوائنٹس کے ساتھ کوارٹر فائنل میں اپنی جگہ بنائی ہے۔ دھیرج Mommadevara نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چوتھا مقام حاصل کیا۔ ترون دیپ رائے 14 واں مقام، جبکہ پروین جادھو نے 39 واں مقام حاصل کیا۔ پیرس اولمپکس کی افتتاحی تقریب بھارتی وقت کے مطابق کل رات گیارہ بجے سے شروع ہوگی۔ x

## [Olympic Murray]

سابق عالمی نمبر ایک اور دو مرتبہ کے اولمپک گولڈ میڈل جیتنے والے ٹینس کھلاڑی اینڈی مَرے، پیرس اولمپک کے مردوں کے سنگلز مقابلوں سے دستبردار ہوگئے ہیں۔

تاہم اپنے تیسرے اولمپک میڈل کیلئے پُر امید مَرے، مردوں کے ڈبلز مقابلوں میں Dan Evans کے ساتھ جوڑی بنائیں گے۔

اِس سال کے کھیلوں کے اختتام کے بعد اینڈی مَرے، پیشہ ورانہ ٹینس سے سبکدوش ہو رہے ہیں۔x

## [Australia Israel]

آسٹریلیا کی حکومت نے مغربی کنارے میں آباد کاروں کے تشدد میں شامل کچھ اسرائیلیوں پر پابندی لگائے جانے کا آج اعلان کیا۔ ذرائع ابلاغ کی خبروں کے مطابق، وزیر خارجہ Penny Wong نے فلسطینیوں پر پُرتشدد حملوں میں شامل سات اسرائیلیوں اور ایک یوتھ گروپ پر معاشی پابندیوں اور سفری بندشوں کا اعلان کیا۔ محترمہ Wong نے بتایا کہ اِن حملوں میں مارپیٹ، جنسی حملے اور اذیت رسانی شامل ہے، جس کے نتیجے میں فلسطینیوں کو شدید چوٹیں پہنچیں اور کچھ معاملوں میں موت تک ہوگئی ہے۔ ایسا پہلی مرتبہ ہوا ہے جب آسٹریلیا نے آبادکاری سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر اسرائیلیوں پر اس طرح کی سزاؤں کو نافذ کیا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆